the women's
the royal women's hospital

# وضع حمل کے درد سے نجات کے لیے، اپیی ڈیورل (درد کش طریقہ)

## اپیی ڈیورل (درد کش طریقہ) کیا ہے؟

اپیی ڈیورل دراصل درد کو کم تر کرنے کے لیے ایک قسم کا درد کش طریقہ عمل ہے، جو وضع حمل کے درد یا تکلیف کو کم تر بناتا ہے۔

ایک ڈاکٹر ایک چھوٹی پلاسٹک ٹیوب، جسے اپیی ڈیورل کی کیتھیٹر (مصنوعی نالی) کہا جاتا ہے، آپ کی ریڑھ کی ہڈی کے قریب (اپیی ڈیورل جگہ) داخل کرتی یا کرتا ہے۔ درد سے نجات دینے والی دوائیں (درد کش ادویہ) بذریعہ کیتھیٹر (نالی) دی جاتی ہیں تاکہ آپ کی ریڑھ کی ہڈی میں درد کے اعصاب کو بلاک جا سکے۔ اس طریقہ عمل سے آپ کے بچے کی پیدائش ہونے تک، درد (تکلیف) کا احساس کم تر ہوسکتا ہے۔

اپیی ڈیورل دراصل وضع حمل اور پیدائش کے دوران درد سے نجات یا تکلیف کو کم تر کرنے کا سب سے مؤثر طریقہ ہے۔

## اپیی ڈیورل (درد کش طریقہ) کے فوائد کیا ہیں؟

اگر آپ کے بچے کو فورسیپس یا ایمرجنسی سیزیرین (پیدائش بذریعہ جراحی) عمل کی ضرورت پڑ جائے، تو اپیی ڈیورل پیدائش کے عمل کو جلد شروع کرنے میں مدد گار ہوسکتا ہے۔

اپیی ڈیورل (درد کش) پہلے سے موجود ہونے سے مراد یہ ہے کہ عموماً آپ کو سیزیرین (پیدائش بذریعہ جراحی) عمل کے دوران عام اینستھیزیا (بے ہوشی کی دوا) کی ضرورت نہیں ہوگی، اس لیے آپ اپنے بچے کی پیدائش کے دوران جاگنے کی حالت میں ہو سکتی ہیں۔

تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ اپیی ڈیورلز آپ کے بچے پر براہ راست کوئی اثر نہیں ڈالتے اور نہ ہی ایمرجنسی سیزیرین (پیدائش بذریعہ) کی ضرورت کے امکانات کو بڑھاتے ہیں۔

## اپیی ڈیورل کیتھیٹر (نالی) کیسے ڈالا جاتا ہے؟

ایک اینستھیٹسٹ (بے ہوش کرنے کی ماہر) آپ کے اندر بذریعہ اپیی ڈیورل، دوائیں داخل کرے گی۔ اس عمل میں تقریباً 20 منٹ لگتے ہیں۔

- آپ کے ہاتھ یا بازو میں ڈرپ لگائی جائے گی تاکہ آپ کو فلوئڈز (مایع مواد) دیئے جا سکیں۔
- آپ اس عمل کے لیے ایک جانب لیٹیں گی یا بیٹھ جائیں گی۔
- آپ کی کمر کو، کسی ٹھنڈے اینٹی سیپٹک محلول (جراثیم کش) سے صاف کیا جائے گا۔
- آپ کی کمر کی جِلد کو سُن کرنے کے لیے، لوکل اینستھیٹک (مقامی بے ہوشی کی دوا) بذریعہ انجیکشن لگائے جائے گی۔
- اپیی ڈیورل (درد کش) داخل کرتے وقت آپ کو اپنی کمر پر پریشر یا دباؤ محسوس ہو سکتا ہے۔ اس عمل کے دوران آپ کا پُرسکون رہنا درحقیقت اس عمل کو بغیر کسی ضمنی اثرات کے بہتر اور جلد مکمل کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔
- جب اپیی ڈیورل کی کیتھیٹر (مخصوص نالی) کو داخل کیا جائے گا، تو آپ کو اپنی کمر یا ٹانگوں میں جھنجھناہٹ یا سنسناہٹ محسوس ہو سکتی ہے۔ یہ خطرناک نہیں ہوتی۔
- سوئی ہٹانے کے بعد، اپیی ڈیورل کیتھیٹر کو آپ کی جلد پر محفوظ طریقے سے ٹیپ (چسپاں) کیا جائے گا۔
- اینستھیٹک دوائیں (بے ہوشی کی دوا) بذریعہ کیتھیٹر بہتی ہوئی داخل ہوں گی اور اثرانداز ہونے میں تقریباً 10 سے 20 منٹ لگیں گے۔

## اپیی ڈیورل کا عمل آپ پر کیا اثر ڈالتا ہے؟

اپیی ڈیورل سے آپ کو اپنی ٹانگیں بھاری محسوس ہو سکتی ہیں، لہذا، آپ کو بستر پر لیٹے رہنے کی ضرورت برقرار رہے گی۔

ممکن ہے کہ جب آپ کا مثانہ بھرجائے تو محسوس نہ ہو، لہذا پیشاب کے اخراج لیے آپ کو ایک یورینری کیتھیٹر ٹیوب کی ضرورت پڑے گی۔

آپ کو کپکپی، خارش، یا گرمی محسوس ہو سکتی ہے۔

اپیی ڈیورل کبھی کبھار آپ کے وضع حمل کو طول دے سکتا ہے یا آپ کے بچے کی پیدائش میں مدد کے لیے فورسیپس کی ضرورت کو بڑھا سکتا ہے۔

یہ آپ کے بچے کی دل کی دھڑکن (ہارٹ ریٹ) میں تبدیلیاں بھی لا سکتا ہے۔ ہم آپ کی اور آپ کے بچے کی حالت میں کسی بھی تبدیلی کے لیے قریب سے نگرانی کریں گے۔

## خطرات کیا ہیں؟

اپیی ڈیورلز محفوظ ہوتے ہیں، لیکن وہ ضمنی اثرات (سائیڈ ایفیکٹس) کا باعث بن سکتے ہیں۔

عام ضمنی اثرات (سائیڈ ایفیکٹس) میں بلڈ پریشر میں کمی اور ممکنہ غیر یکساں بلاک واقع ہونا شامل ہیں، جن کا ہم علاج کر سکتے ہیں۔

کم تر عام پیچیدگیوں میں، شدید سر درد شامل ہیں۔

بہت نایاب پیچیدگیوں میں، عارضی اعصابی نقصان، انفیکشن، بہت زیادہ ایپی ڈیورل بلاک، اور ایپی ڈیورل خون کا جمنا، شامل ہیں۔ شدید چوٹ یا فالج (پیرالائسس) انتہائی نایاب ہے۔

## مزید معلومات کے لیے

اگر آپ کو کوئی بھی سوال درپیش ہوں، یا آپ مزید معلومات چاہتی ہوں، تو اپنے ماہر امراض نسواں (اپنی ڈاکٹر) یا مڈوائف (دائی) سے بات کریں۔ وہ آپ کے لیے اینستھیٹسٹ (بے ہوش کرنے کی ماہر) سے بات کرنے کا بھی انتظام کر سکتی ہیں۔

**Acute Pain Service,**

**The Royal Women's Hospital**

بروز پیر تا جمعہ، صبح 8 بجے سے شام 4 بجے تک
ٹیلیفون: 2389 8345 (03)

## کیا آپ کو ترجمان کی ضرورت ہے؟

اگر آپ کو ضرورت پیش آجائے، تو آپ اپنے لئے ایک ترجمان طلب کر سکتی ہیں۔

## فیملی وائیلنس سپورٹ (خاندانی تشدد کی معاونت)

**1800 Respect نیشنل ہیلپ لائن**

اگر آپ کو جنسی حملہ یا زیادتی، گھریلو یا خاندانی تشدد (فیملی وائیلنس) اور بدسلوکی کا سامنا ہوا ہو، تو آپ مدد حاصل کر سکتی ہیں۔
آپ دن یا رات کے کسی بھی وقت کال کر سکتی ہیں۔
1800 737 732
1800respect.org.au

**ڈیس کلیمر**: یہ فیکٹ شیٹ محض عمومی معلومات کی فراہمی کے لیے ہے۔ آپ، یا آپ کے بچے کی صحت کی ضروریات کے حوالے سے مخصوص مشاورت کے لیے، متعلقہ صحت کے پیشہ ور ماہرین سے رجوع کریں۔
The Royal Women's Hospital اپنی صحت کے پیشہ ور ماہرین سے رجوع کرنے کے بجائے، اس فیکٹ شیٹ پر مکمل انحصار کرنے کے باعث، کسی بھی ہونے والے نقصان یا خسارے کی، کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
اگر آپ کو، یا آپ کے بچے کو، فوری میڈیکل یا طبی توجہ درکار ہو، تو اپنے قریب ترین واقع ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کریں۔
.© The Royal Women's Hospital 2025